سوال

بچوں سے پیار کرنے کے متعلق سوال

جواب

بچوں کے ساتھ پیار و محبت میں عدل وانصاف ۔ ؟ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ویسے تو سب بچوں سے پیار کرنا چاہیئے اور سب پر رحم کرنا چاہیئے لیکن کچھ بچے دیگر بچوں کی نسبت زیادہ پیارے لگتے ہیں اور آدمی ان کو چاہتا ہے اور زیادہ پیار کرتا ہے تو کیا یہ نا انصافی کے زمرے میں آتا ہے یا نہیں ۔ چاہے بچے اپنے ہوں یا بھائیوں بہنوں کے ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! کھانا ، لباس اوران کے ساتھ کھیل کود سمیت تمام ظاہری معاملات میں ان سے عدل وانصاف کرنا والدین پر فرض اور لازم ہے ۔ ورنہ حق تلفی پر گناہ کے مرتکب ہوں گے ۔ لیکن دل کا معاملات اللہ کے ہاتھ میں ہیں ، اگر دلی طور پر کوئی بچہ زیادہ پیارا لگتا ہے تو اس پر آپ کا مواخذہ نہیں ہوگا ۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث